تعارف وتبصرہ

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

(۱)

نام کتاب : اسلام اور مستشرقین

مصنف : ڈاکٹر حافظ محمد زبیر

ضخامت: 184 صفحات قیمت: 300 روپے

ملنے کے پتے: ☆ مکتبہ رحمۃ للعالمین' نذیر پارک' غازی روڈ' لاہور ☆ مجلس تحقیق الاسلامی 99-J ماڈل ٹاؤن' لاہور

مصنف کتاب ہذا ڈاکٹر حافظ محمد زبیر تحقیقی مزاج رکھنے والے نوجوان عالم دین ہیں۔ وہ حکمت قرآن کے ادارۂ تحریر کے رکن اور کامساٹس انسٹی ٹیوٹ آف انفارمیشن ٹیکنالوجی لاہور میں اسسٹنٹ پروفیسر ہیں۔ چند قابل ذکر اور اہم کتابوں کے مصنف ہیں۔ ان کے تحقیقی مضامین معروف اسلامی جرائد میں شائع ہوتے ہیں۔

زیر تبصرہ کتاب' جیسا کہ نام سے ظاہر ہے' مستشرقین کے ان رویوں پر بحث کرتی ہے جو وہ اپنی تحقیق کی آڑ میں قرآن وحدیث اور دیگر اسلامی تعلیمات پر وارد کرتے اور حقائق کو مسخ کرتے ہوئے اسلام کو باطل دین ثابت کرنے کی لاحاصل کوشش کرتے ہیں۔ نیز رسول اللہ ﷺ کی حد درجہ پاکیزہ شخصیت پر جانتے بوجھتے اعتراضات کرتے ہیں۔

کتاب سات ابواب پر مشتمل ہے۔ آغاز میں موضوع کا تعارف اور تالیف کا پس منظر اور مقصد بتایا گیا ہے۔ پہلے باب میں تحریک استشراق کا مفصل تعارف کرایا گیا ہے۔ دوسرے باب میں چند معروف مستشرقین کا ذکر ہے جنہوں نے قرآن پر طرح طرح کے اعتراض کیے ہیں۔ تیسرے باب میں حدیث کے بارے میں مستشرقین کے چار رویّوں کا ذکر ہے۔ چوتھے اور پانچویں باب میں سیرت النبیؐ کے مختلف گوشوں کو غیر معیاری ثابت کرنے اور تاریخ اسلام کے مستند واقعات کو غیر حقیقی بتانے کی کوششوں کا ذکر ہے۔ چھٹے باب میں فقہ اسلامی کے متعلق چند مستشرقین کی تحقیق بتائی گئی ہے۔ آخری باب میں مستشرقین کی تحقیقات کے سرچشموں کا ذکر ہے' جن میں ان کے چند تحقیقی مجلّات اور اہم انسائیکلوپیڈیاز کا تعارف کرایا گیا ہے۔

فاضل مصنف نے بڑی مہارت اور ذہانت کے ساتھ مستشرقین کے اٹھائے ہوئے اعتراضات کا عالمانہ اور مسکت جواب دیا ہے۔ کتاب خاص طور پر مسلم علماء کے پڑھنے کی چیز ہے۔